سوال

(69) آیات سجدہ دیکھنے پر سجدہ تلاوت؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب مطلوبہ سورت کی تلاوت کے لیے قرآن کھولتا ہوں تو بعض اوقات آیت سجدہ پر نظر پڑ جاتی ہے، تو کیا آیت پر نظر پڑنے سے بھی سجدہ تلاوت کرنا چاہیۓ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

محض آیات سجدہ دیکھنے سے سجدہ تلاوت نہیں ہے۔ آیات دیکھ کر سجدہ تلاوت کرنا نہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے اور نہ صحابہ کرام رضی اللہ عنھم سے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ افکارِ اسلامی

قرآن اور تفسیر القرآن، صفحہ: 209

محدث فتویٰ